# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء و شخصیات کے تأثرات کے اقتباسات (قسطِ پنجم)




- مدنی چینل مسلمانوں کے عقائد و اعمال کی اصلاح اور ایمان کی حفاظت کر رہا ہے۔ 4
- مدنی چینل کو آن کرتے ہی گنبدِ خضرا کا منظر سامنے آ کر عشقِ گنبدِ خضرا کی ہریالی آ جاتی ہے۔ 6
- امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ نے مدنی چینل کا اجرا کر کے مسلمانوں کی [illegible] پر احسانِ عظیم فرمایا ہے۔ 31
- حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری مدظلہ نے علمِ دین کے لئے اوپن یونیورسٹیاں کھول دی ہیں۔ 38
- مدنی چینل وقت کی ضرورت، قوم کی آواز اور دلوں کی دھڑکن ہے۔ 48



باہتمام:
مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ
(دعوتِ اسلامی)
مکتبۃ المدینہ
SC1286

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء و شَخصیّات کے تأثُرات کے اقتِباسات (قِسط پنجم)

## دُرُود شریف کی فضیلت

**سرکارِ** مدینہ راحتِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ، صاحِبِ مُعَطَّر پسینہ، باعِثِ نُزُولِ سکینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ شَفاعت نشان ہے: ''**بے شک اللّٰہ** تعالیٰ نے ایک فِرِشتہ میری قَبْر پر مُقَرَّر فرمایا ہے جسے تمام مخلوق کی آوازیں سُننے کی طاقت عطا فرمائی ہے، پس قِیامت تک جو کوئی مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھتا ہے تو وہ مجھے اُس کا اور اُسکے باپ کا نام پیش کرتا ہے۔ کہتا ہے: فُلاں بن فُلاں نے آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم پر دُرُودِ پاک پڑھا ہے۔'' (مَجْمَعُ الزَّوَائِد ج ۱۰ ص ۲۵۱ حدیث ۱۷۲۹۱ دارالفکر بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## مَدَنی چینل کے ذریعے ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش

دینِ اِسلام میں یوں تو بے شمار ہستیاں مخلوقِ خدا کی رُشد وہدایت کے لیے

تشریف لائیں مگر اوراقِ تاریخ پر نظر ڈالنے سے پتا چلتا ہے کہ جن کو **اللّٰہ** سبحانہٗ وتعالیٰ نے عالمگیر مقبولیت سے نوازا اور ان کے فیض کو سارے جہاں میں عام کیا، شرق و غرب میں ان کا چرچا ہوا، جن کی بارگاہ میں ظالموں کے سر جھک گئے، فاسِقوں کو توبہ کی توفیق ملی، سرکش ومنکِر عاجز و مُطیع ہوئے، کبیرہ گناہوں میں مبتلا نہ صرف واجب، سُنَّت، مستحب کے پابند ہوئے بلکہ مکروہ تک سے بچنے لگے، ایسے عظیم المرتبت لوگ زمانۂ ماضیٔ قریب میں بہُت کم نظر آتے ہیں، اور عصرِ حاضر میں تقریباً نایاب۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کا لاکھ شکر ہے جس نے اِس دور میں اِصلاحِ اُمّت کا عظیم مَنصب اپنے ایک مقبول بندے اور اپنے محبوب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے عاشقِ صادق شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت **حضرت علّامہ مولٰینا ابوبلال مُحمّد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی** دامت برکاتہم العالیہ کو عطا فرمایا۔ آپ ایک جامع شخصیت ہیں دَردِ دین سے بھرا ہوا دِل رکھتے ہیں۔ آپ کی پُرخُلوص کوششوں سے دنیا کے بیشتر ملکوں میں خوب دین کا کام ہو رہا ہے۔ ہر طرف سُنَّت کی بہاریں ہیں۔ آپ دامت برکاتہم العالیہ فرماتے ہیں: میرا مقصدِ زندگی یہ ہے کہ ''**مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔** اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔ **اللّٰہ** تعالیٰ نے آپ کی

اس تمنا کی تکمیل کیلئے اسباب مہیّا فرمائے اور **مَــدَنــی چینل** کی ترکیب ہوئی، **مَدَنی چینل** اشاعتِ دین کا ایک مضبوط ترین ذریعہ ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ کَثِیر عُلَماء وشخصیّات نے **مَدَنی چینل** کے اِنقِلابی اقدام پر **دعوتِ اسلامی** کی مجلِس رَابِطَۃ بِالْعُلَماء وَالْمَشائِخ اور دیگر مُبلِّغین کے ذریعے اپنے تاثُّرات سے نوازا ہے جن کے اِقتباسات حسبِ ذیل ہیں:

## (242) نبیرۂ صدرالشریعہ مولانا انعام المصطفٰی اعظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ دارالعلوم نوریہ رضویہ، کہکشاں اسکیم، کلفٹن، کراچی)

**تبلیغ** قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی مدنی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے عالم اسلام کے مسلمانوں کے لیے **مَدَنی چینل** کی بنیاد رکھ کر فراہمی علم قرآن وسُنَّت کا بہترین ذریعہ پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ تِشنگانِ قرآن وسُنَّت کو سیرابی کا بھرپور موقع عطا فرمادیا ہے اور یوں فیضانِ قرآن وسُنَّت کے مہکتے ہوئے گلدستوں سے عالم کا گوشہ گوشہ مُعَطّر اور شرق تا غرب اِسلام کا آفاقی پیغام عام ہوتا چلا جارہا ہے۔ میری ناقص معلومات کے مطابق اس وقت برّصغیر پاک وہند میں اسلام کے نام سے کئی چینلوں کی بھرمار ہے۔ (بشمول علاقائی چینل) لیکن کسی چینل میں بے پردگی کا دور

دورہ ہے تو کہیں فاسد عقائد کا اژدھام مُنہ کھولے ہوئے لوگوں سے ایمان کو نگلنے کے لیے تیار بیٹھا ہے۔ اِشتہارات کی آڑ میں انہیں فروغ دیا جارہا ہے۔ **مَدَنی چینل** اِنہی تمام خرابیوں کو دُور کرنے اور لوگوں کو قرآن وسُنَّت کے جام پلا کر انہیں دین سے قریب کرنے کے لیے مَعرِضِ وُجود میں آیا ہے اور درحقیقت **مَدَنی چینل** اسلام اور مصطفیٰ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا مبارک **نُور** پھیلا کر مسلمانوں کے عقائد واعمال کی نہ صرف بھرپور اصلاحی کوششیں کررہا ہے بلکہ ان کے ایمان کی حفاظت بھی کررہا ہے کیونکہ آج جب کہ دشمنانِ دین وملّت یہود ونصاریٰ وہنود اپنی کفریہ وشرکیہ و بے ہودہ ثقافت کے ذریعے نقب زنی کو چلے ہیں اور اپنی بے ہودہ ثقافت کے ذریعے مسلمانوں کی دینی حمیت وغیرت کو امتحان میں ڈال چکے ہیں۔ ایسے عالم میں اِس اَمر کی شدید ضرورت تھی کہ میڈیا کے ذریعے اِحیائے سُنَّت کے فروغ کے لیے کام کیا جائے تاکہ یہود ونصاریٰ وہنود کی فکری مرعوبیت کا شکار اور گنبدِ خضرا کے فیضان سے محروم رہنے والوں کو رُشد وہدایت کا **نُور** نصیب ہوجائے۔ میری دُعا ہے کہ **دعوتِ اسلامی** اپنے اَکابرین کی یادوں کو مینارۂ نُور بنا کر کامیابی و کامرانی کے زینے ہمیشہ طے کرتی رہے اور اسی آئینہ میں اپنے حال کے خدوخال کو

دیکھ کراُمّت مُسلِمہ کے مستقبل کومدنی اِنقلاب سے سنوارتی رہے۔

**مدنی چینل** اسلاف کی برکتوں کا نُور ہے

اس کی برکت سے گھروں سے فحاشی دور ہے

تھیں پہلے کبھی جن کی نگاہوں میں دنیا کی مستیاں

ان کی آنکھوں میں اِیمان کی چمک و دل مسرور ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (243)حضرت مولانا قاری محمد اکرم چشتی گولڑوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ حنفیہ دارالعلوم اشرف المدارس، جی ٹی روڈ، اوکاڑہ، پاکستان)

اے خاصۂ خاصانِ رُسل وقتِ دُعا ہے اُمّت پہ تری آکے عجب وقت پڑا ہے

فریاد ہے اے کِشتیٔ اُمّت کے نِگہباں بیڑا یہ تباہی کے قریب آن لگا ہے

تدبیر سنبھلنے کی ہمارے نہیں کوئی ہاں ایک دُعا تیری کہ مقبولِ خُدا ہے

مسلمانوں کی زَبوں حالی دیکھ کر نہ جانے کن کن اہل بصارت وبصیرت کی چشمانِ مُقدّسہ سے سیلِ اشک جاری ہوئے اورشانِ کریمی نے اُن کی قبولیت کی صورت یہ دکھائی کہ جنابِ مَن، مقبولِ زمن، عاشِقِ سُنَن، ناگفتہ بہ حالات میں اُمید کی

کرن یعنی قبلہ امیر اہلسنّت **حضرت مولٰینا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری** دامت برکاتہم العالیہ و **مَدَنی چینل** کے اِجراء کی توفیقِ رفیق سے نوازا اور ایسا نوازا کہ اوّل دِن سے ہی اس کی بَرَکات کا ظہور ہونے لگا ہے۔ چُنانچہ مسلمان اس کو دیکھ کر گناہوں سے تائب ہوئے ہیں بلکہ بہُت سے کُفّار دولتِ اِیمان سے سرفراز ہو چکے ہیں۔ یقین جانیئے راقم کی بذاتِ خود یہ کیفیت ہے کہ **مَدَنی چینل** کو on کرتے ہی گنبد خضراء کا مونوگرام دیکھ کر حقیقی گنبد خضراء کی ہریالی یاد آ جاتی ہے، قلب و بدن میں شگفتگی بِکھر جاتی ہے اور ہم اپنے مکان اور مکینوں کو پہلے سے زیادہ مَسرور و مامون محسوس کرتے ہیں۔ اس کی زیارت سے بصارت وبصیرت میں حقیقی معنوں میں اِضافہ ہوتا ہے۔ محافِظ حقیقی جلَّ جلالہٗ اس **مَدَنی چینل** اوراس کے منتظمین کو اپنی بارگاہ سے اپنی شایانِ شان اَجر عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (244) حضرت پیرزادہ محمد رفیق احمد طاہر سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد اکبریہ سعیدیہ، سلطان العلوم بٹی ہوت مہر، تحصیل احمد پور شرقیہ، ضلع بہاولپور، پاکستان)

**تبلیغ** قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے کُتُب

سے روشناس کروانے اور انہیں ذریعۂ تبلیغ بنانے کا جو مَدَنی سِلسلہ شروع کیا ہے وہ قابلِ ستائش ہے۔مزید برآں **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** چلا کر میڈیا کے ذریعے دِلوں کو معرفتِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ اور مَعرفتِ عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے منور کرنے کا جو آغاز کیا ہے، اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔

**اللّٰہ** کرم ایسا کرے تُجھ پہ جہاں میں
اے **دعوتِ اسلامی** تری دُھوم مچی ہو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (245) حضرت مولانا حافظ عاشق فرید مہروی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ غوثیہ مہریہ، محلّہ اسلام پورہ، نزد ریلوے پھاٹک شرقی احمد پور شرقیہ، بہاولپور، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت کی عالمگیر تحریک **دعوتِ اسلامی** پہلے بھی متحرک تھی لیکن اب **مَدَنی چینل** سے زیادہ متحرک نظر آ رہی ہے اس سے مسلکِ اہلسنّت کی تبلیغ میں اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ زیادہ اثر ہوگا۔اس طرح سُنِّیت گھر گھر پہ چھا جائے گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (246) حضرت مولانا اللہ دین چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم مقصودیہ غوثیہ، کوٹ گلہ شریف، ضلع چکوال، پاکستان)

اس الیکٹرانک میڈیا کے دور میں **مَدَنی چینل** کا آغاز اُمید کی ایک کِرن اور شبِ تار میں سحر کے نمودار ہونے کی ایک نوید ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ آپ کی یہ عظیم دِینی کاوش قبول ومنظور فرمائے اور اس تحریک کو دِن دُونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے، آمین۔ **مَیں** اپنی طرف سے اور اپنے دار العلوم مقصودیہ غوثیہ کی طرف سے آپ کا بَہُت ممنون ہوں کہ اس سفرِ عشق ومحبت میں اپنا رفیق بنایا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (247) حضرت صاحبزادہ مولانا عطاءالرحمٰن حامی چوراہی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد انوارِ مدینہ ومدرسہ خدیجۃ الکبریٰ للبنات، ناظمِ اعلیٰ جماعت اہلسنّت، ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

**اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ نے ہر دور میں اپنی مخلوق کو اپنے محبوب ومقبول بندوں کے بیانات وتحریرات اور اُن کی صُحبت بابرکت و دِیگر ذرائع سے ہدایت عطا فرمائی۔ ہمارے پُر فِتَن دور میں مسلمانانِ عالم جن دینی ودُنیاوی مسائل سے دوچار ہیں وہ کسی سے مخفی نہیں۔ اَغیار نے ہمیشہ سے اِسلام کو مِٹانے کے منصوبے بنائے اور بنا رہے

ہیں۔ چُنانچِہ آپ دیکھ لیجئے کہ آج میڈیا کو اپنے مذموم عزائم کی اشاعت کے لیے پُرکشِش انداز میں مسلمانوں کے سامنے پیش کرتے ہوئے نجانے کتنے مسلمانوں کے قلوب واذہان کو شِعارِ اسلامی سے بے بہرہ کردیا گیا ہے۔

**اللہ کریم** عَزَّوَجَلَّ بہترین اجروثواب سے نوازے، ہمارے دِلوں کے چین، عاشقِ سرورِکونین صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، مُصلحِ اُمّت امیرِ اہلسنّت **حضرت علامہ محمد الیاس عطّارؔ قادری** دامت فیوضھم کو جنہوں نے **مَدَنی چینل** کو اِشاعتِ دین اور فُضُولیات ولغویات کی بھرمار مسلسل کی روک تھام کے لیے انتہائی اَحسن انداز میں جاری فرمایا۔ دُعا ہے ربِّ لم یزل عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہِ بے نیاز میں کہ اس **مَدَنی چینل** کو بے مثل و بے مثال کامیابی اور کامرانی کی ایسی بہاریں دکھائے کہ کبھی خزاں کے منہ نہ دیکھے اور مسلمانوں کے لیے عمومی اور اہلسنّت کے لیے خُصُوصی طور پر فوزوفلاح کا سبب بنے، آمین۔

صبا وہ چلے کہ باغ پھلے وہ پھول کھلے کہ دن ہوں بھلے
لِوا کے تلے ثناء میں کھلے رضؔا کی زباں تمہارا رہے لئے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (248) حضرت مولانا حافظ شفیق احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فارغ التحصیل جامعہ علیمیہ، اسلامک سینٹر، باب المدینہ کراچی)

**سب** سے پہلے تمام تعریفیں **اللہ** جَلَّ مَجدہٗ کے لئے ہیں جس نے ہم کو ہدایت کی نعمت عطا فرمائی اور اپنے حبیب حضرت **محمد** صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پیروکار بنایا۔ مجھے اپنے گھر والوں کے ساتھ آپ کا **مَدَنی چینل** دیکھنے کا موقع ملا جسے مَیں نے اُمّت مُسلِمہ کے لئے بہُت زیادہ مُفید پایا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (249) حضرت مولانا محمد اقبال اویسی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ جامعہ غوثیہ رضویہ، چک 174 مراد ڈاہرانوالہ، تحصیل چشتیاں، ضلع بہاولنگر، پاکستان)

**حَکِیمُ الْاُمّت امیرِ دعوتِ اسلامی قِبلہ محمد الیاس قادری** زید مجدہٗ کے حکم پر جس **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا گیا وہ دُرُست سمت میں ایک مثبت قدم ہے کہ جہاں T.V فحاشی اور عُریانی پھیلا رہا ہے وہاں عام مسلمانوں کے لیے اگر کوئی بھلائی کی کِرن پھوٹے تو یہ بہُت ہی اچھی اور عُمدہ بات ہے۔ **اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ** (صَحِیح البُخارِی ج ۱ ص ۵ حدیث ۱ دار الکتب العلمیۃ بیروت) یعنی اعمال کا دارومدار

نیت پر ہے۔کے تحت نہ صرف یہ چینل دیکھنا جائز ہوگا بلکہ اس سے مُستَفِیض ہونا بھی کہ اس میں نعتِ مصطفےٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ، تِلاوتِ قرآنِ کریم ، خطابات جو دین اِسلام کی طرف دعوت دینے کا سبب ہیں۔ہم اُمید رکھتے ہیں کہ اِنتظامیہ اس مِشن کو اِسلامی اُصُولوں کے مطابق ہی چلائے گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (250) حضرت مولانا محمد منور علی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس دربارِ خواجہ نور محمد مہاروی، ضلع بہاولنگر، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن **مَدَنی چینل** جو کہ امیرِ اہلسنّت شیخِ طریقت، بانیٔ دعوتِ اِسلامی **حضرت علامہ محمد الیاس قادری** صاحب کی اجازت سے اور آپ کی محنت سے اس کو چلایا گیا، جس سے پوری دُنیا فیض یاب ہورہی ہے۔ جو لوگ اپنے گھروں میں دِن رات فِلموں اور ڈِراموں کو دیکھتے رہتے تھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اب دیکھنے میں آیا ہے کہ گھروں میں بچے بوڑھے سب ہی **مَدَنی چینل** لگائے **دعوتِ اسلامی** کے مُبلِّغین کی زیارت بھی کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ بے شمار ایسے مسائل جو کہ ان (عوام) کو معلوم نہیں وہ بھی ان کی سمجھ میں آجاتے

ہیں۔جیسا کہ پہلے اِنٹرنیٹ کے ذریعے دُنیا بھر میں **دعوتِ اسلامی** کا پیغام عام کیا جا رہا تھا اور دُنیا بھر سے پوچھے جانے والے ہزاروں مسائل کا حل اور کفّار کے اسلام پر اِعتراضات کے جوابات دینے کے ساتھ ساتھ ان کو اسلام کی دعوت پیش کرنے کی بھی سعادت حاصل کی جارہی تھی۔اب **مَدَنی چینل** میں بھی یہ کام بدرجہ اولٰی کیا جارہا ہے۔**اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس جماعت کے امیر، امیر اہلسنّت کو درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے اور ہم سب کو امیر اہلسنّت کے فُیُوض وبَرَکات سے مُستَفِیض فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (251) حضرت مولانا فیض الرسُول قادری انصاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ عربیہ قادریہ نُوریہ نصیر القرآن، بھنڈی میاں صاحب، تحصیل خیر پور، ضلع بہاولپور، پاکستان)

**آج** کے پُرفِتَن دور میں کہ جس میں ایک طرف بدعملی اور بے حیائی کا دور دورہ ہے۔اور دوسری طرف اس بدعملی و بے حیائی کے کاموں کو عام کرنے کے لیے زیادہ تر الیکٹرانک میڈیا کا کردار ہے۔ہم مبارک باد پیش کرتے ہیں قبلہ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ اور ان کے جملہ رُفقاء کو کہ جن کی کوششوں سے **مَدَنی چینل** کا

آغاز ہوا۔ اور الیکٹرانک میڈیا کو دُرُست اور مثبت راہ دِکھلائی۔

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** دیکھ کر اکثر لوگ راہِ ہدایت پا چکے ہیں۔ ہم دُعا گو ہیں کہ **اللّٰہ** جَلَّ شَانُہٗ **مَدَنی چینل** کو دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ **مَدَنی چینل** جاری کرنے والوں کو بہترین جزائے خیر دے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (252) شہزادۂ خطیبِ پاکستان الحاج صوفی محمد لطیف نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظمِ اعلیٰ ومہتمم جامعہ غوثیہ رضویہ، کچہری بازار، اوکاڑہ، پاکستان)

**اللّٰہ** کریم عَزَّوَجَلَّ **آپ** (یعنی امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ)، مرکزی مجلسِ شوریٰ اور **دعوتِ اسلامی** کی دُنیا بھر کی تمام تنظیمی کابینات وتمام شعبہ جات کو بالعموم اور **مَدَنی چینل** کو بالخصوص ترقی دے اور نظامِ مصطفیٰ صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے عملی نفاذ کا اس **مَدَنی چینل** کو ذریعۂ نافِعہ بنائے اور ان تمام اُمورِ دِینیہ کو ہر طرح کی نظرِ بد سے محفوظ و مامون رکھے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (253) حضرت مولانا غلام محمد فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سلیمانیہ فیض القرآن، گڈانی شہر، ڈیرہ غازی خان، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر بہُت خوشی ہوئی اور **مَدَنی چینل** سے عالَمِ اِسلام کو بہُت فائدہ ہوگا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (254) حضرت مولانا محمد رفیع نقشبندی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ضلعی امیر جماعت اہلسنّت پاکستان، ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

دورِ حاضر میں بلاشبہ عُلَماء و مشائخ اہلسنّت کَثَّرَھُمُ اللّٰہ تعالٰی کاوُجُودِ مَسعُود کسی نعمت سے کم نہیں۔ مِنْھُم (انہیں میں سے) **حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی بھی ہیں جنہوں نے ناگفتہ بہ حالات میں دِن رات اپنے بیانات وتحریرات کے ذریعے مسلمانانِ عالَم میں با کِردار بننے کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھر دیا اور اب میڈیا کے دور میں بھی اپنی بالغ نظری کا مظاہرہ فرمایا کہ اپنی نوجوان نسل کی باگ دوڑ غیروں کے ہاتھ میں دینے کی بجائے بروقت **مَدَنی چینل** کا آغاز کر کے قوم کو صراطِ مستقیم کی طرف موڑ دیا ہے اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ **مَدَنی چینل** اس اُمت کو

فیشن وگناہوں کے بھنور سے نکالنے کے لیے کشتئ نوح کا کام کرے گا۔

کام وہ لے لیجئے تم کو جو راضی کرے
ٹھیک ہو نام رضاؔ تم پہ کروڑوں دُرُود

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (255) پیرِ طریقت حضرت خواجہ عبدالسلام نقشبندی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(آستانہ عالیہ صمدیہ سلامیہ، بستی حضور صاحب رینالہ خورد، ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

ہم دعوتِ اسلامی کو **مَدَنی چینل** کے آغاز پر مبارک باد پیش کرتے ہیں میڈیا کے ذریعے پھیلنے والی بے دِینی و بے حیائی کی روک تھام کی غرضِ مُقدَّسہ اور شریعت وسُنَّت کی حفاظت واِشاعت کی نیتِ مُطَہَّرہ سے شروع کیے جانے والے مُقدّس سِلسلے **مَدَنی چینل** کی ترقی وبہتری کے لیے ہم دُعا گو ہیں **اللہ** عَزَّوَجلَّ **امیرِ اہلسنّت مولٰینا محمد الیاس قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کواس کی بہترین جزاء دے اور **مَدَنی چینل** کواُمتِ مُسلِمہ کی رہنمائی کے لیے شرفِ قبولیت و مَقبولیت سے نوازے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (256) حضرت مولانا احمد علی فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ، نزد چشتیاں شریف، ضلع بہاولنگر، پاکستان)

**امیرِ اہلسنّت** علامہ **محمد الیاس قادری** صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی کاوشوں اور دِینی و مذہبی خدمات میں سے **مَدَنی چینل** کا آغاز بہُت بڑی افادِیت کا حامل ہے۔ جس کو دیکھنے کا موقع نصیب ہوا اور دِل کے بند دریچے کھلنے لگے۔ **مَدَنی چینل** خواص وعوام کے لیے بہترین علمی وادبی وروحانی سرمایہ ہے۔ جو ناظرین کے قلوب واذہان کو بھی عشق و اِیمان اور علم وعرفان کے انوار سے منور کرتا ہے۔ دُعا ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ حضرت علامہ قادری صاحب زیدمجدہٗ جو مشن وفکر لے کر میدانِ عمل میں اُترے ہیں کو پیارے محبوب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلۂ جلیلہ سے کامیابیوں سے ہمکنار فرمائے۔ آمین

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (257) حضرت مولانا مفتی انوار اللہ طیّبی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ مجاز آستانہ عالیہ حضرت کرماں والا شریف، اسلامک یونیورسٹی جی ٹی روڈ، اوکاڑہ، پاکستان)

**اَللّٰہ رَبُّ الْعٰلَمِیْن** محض اپنے فضل وکرم سے ہر مسلمان مرد وعورت کا

انجام بخیر فرمائے۔ بہر حال ذِکر الٰہی و شریعت کی پابندی ضروری ہے۔ **مولٰینا محمد الیاس عطّار قادری رضوی** دامت برکاتہم العالیہ نے جو **مَدَنی چینل** کے نام سے ٹی وی چینل شروع کیا ہے، بہُت خوب ہے۔ **دعوتِ اسلامی** کی طرف سے اس طرح کے نیک کام کا اِنتظار تھا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب !　　　　صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (258) حضرت مولانا پیر سید شبیر حسین شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم رحمانیہ، خطیب جامع مسجد رحمانیہ، گوجر خان، پاکستان)

**احمد رضا** کے فیض کا دَر کھلا ہوا ہے
قادری فقیروں کا جھنڈا گڑھا ہوا ہے

**اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے کرم سے ہمارے پاکستان میں بے حیائی کے خاتمے اور محبت رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے دُوری کے علاج کے لیے جو **مَدَنی چینل** امیرِ اہلسنّت بانیٔ دعوتِ اسلامی **مولٰینا محمد الیاس قادری** زید مجدہٗ نے شروع کیا ہے۔ اس کے لیے تمام اہلسنّت و جماعت کے عُلَماء و مشائخ کے حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ یوں سمجھئے مدنی سرکار صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشبو عالم بالا سے لے کر پوری

دنیا میں پھیل گئی ، فقیر کی دُعا ہے کہ آپ دامت برکاتہم العالیہ کی عمر میں **اللّٰہ** تعالیٰ والیٔ بغداد کے صدقے برکت عطا فرمائے ،آمین۔آپ نے اپنی زندگی ملتِ اِسلامیہ کے لیے وقف کردی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (259) حضرت مولانا محمد اشرف مانگوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مدینہ مسجد، مہتمم جامعہ لاثانیہ رضویہ،شکرگڑھ، نارووال، پاکستان)

**مَدَنی چینل** وقت کی ضرورت تھی جسے **دعوتِ اسلامی** نے پورا کیا ہے۔

## (260) حضرت مولانا محمد مظفر حُسین عاجزؔ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم غوثیہ مہریہ صَوتُ القرآن، تحصیل نکیال، کشمیر)

**دعوتِ اسلامی** جو بے راہِ عمل میں گامزن محبوبِ فطرت ہے لفظوں کے تَسلسُل کو محض رنگینیٔ بیاں کا اُسلوب دے کر جذبوں میں تیّر پیدا کردینا میرے نزدیک کسی اہمیت کا حامل نہیں ۔اسی طرح بِکھرے ہوئے گُلوں کی مُنتشِر پتّیوں کو لامقصدیت میں جوڑ دینا ضیاعِ وقت کے مُترادِف ہے۔خالقِ کائنات کے حُضُور دُعا

گو ہوں کہ میری تحریر کو وہ تاثیر دے جو قلب کو گرما دے، جو روح کو تڑپا دے۔

جہاں میں اہلِ اِیماں صورتِ خورشید جیتے ہیں

اِدھر ڈوبے اُدھر نکلے اُدھر ڈوبے اِدھر نکلے

**اِنسان** کی قدر عمل کے حُسن سے ہے، اگر اِس کا دامن اچھے اعمال سے بھرا ہوا ہے تو اِس دُنیا میں بھی اس کی قدر ہے اور آخرت میں بھی اس کی عزّت۔ وہ فرد یا قوم جس کی زِندگی عمل کے سوز سے خالی ہے وہ ایک بے معنی لفظ ہے۔ بے روح جسم ہے۔ گفتار کی روح کردار ہے اسی لیے نبی کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے اِسلام کی دعوت دینے سے قبل اپنا حُسنِ کردار اہلِ مکہ کے سامنے رکھ دیا، گفتار کا حُسن بے مقصد اور بے معنی ہے اگر اس کے ساتھ کردار کی خوبی شامل نہ ہو، کردار ہو تو لفظوں کی شان اور شِکوہ کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ **دعوتِ اسلامی** میری اس تحریر کی محتاج نہیں۔ کیونکہ

جوشِ کِردار سے کھل جاتے ہیں تقدیر کے راز

**عمل** سے قوموں کے اندر جذبہ، جوش اور ولولہ پیدا ہوتا ہے۔ رواں دواں پانی تازہ رہتا ہے۔ جب کہ ساکن پانی میں بدبُو پیدا ہو جاتی ہے۔ سکون تو قبر کی آغوش میں مل سکتا ہے۔ زندگی تو جدوجہد سے عبارت ہے۔ یہاں اِنسان حرکت وعمل سے

آراستہ رہے تو بہتر ہے۔ جو قومیں ہاتھ پر ہاتھ دھرے مستقبل کی مُنتَظِر رہتی ہیں مایوسی اورحسرت اِن کا مقدر بن جاتی ہے، حرکت عمل ہی کو کہتے ہیں اور عمل سیرت وکردار کی بلندی سے اُبھرتا اورنِکھرتا ہے، صرف گفتار کے غازی قوموں کی تقدیر نہیں بدلا کرتے۔

سیرت نہ ہو تو عارض و رخسار سب غلط
خوشبو اُڑی تو پھول فَقَط رنگ رہ گیا

ہم مسلمان اگر اپنے آپ کو رسُول اللہ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کا پیکر بنا لیں تو کیا بات ہے کہ ہم بھی دُور سے پہچان لیے جائیں گے اور یاد دِلائیں گے کہ اے لوگو! ہمیں بتاؤ کربلا میں کون بغیر داڑھی کے تھا؟۔ کربلا میں کون بے نمازی تھا؟ بہتّر 72 میں سے کس نے شریعت چھوڑی تھی۔ ہم 72 کو نمونہ بنا کر گلی گلی جائیں گے۔ نبی کریم صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنتوں کو عام کریں گے۔ مُحترم قارئین کرام! **دعوتِ اسلامی** ایک تحریک ہی نہیں، ایک جماعت ہی نہیں بلکہ **دعوتِ اسلامی** ایک جذبہ ہے۔

ہر دَور کے فِرعون کو اِحساس دِلا دو
جذبہ کبھی پابندِ سلاسِل نہیں ہوتا

**دعوتِ اسلامی** کا مِشن کیا ہے؟ یہ نوجوان کیا چاہتے ہیں؟ تو آؤ مَیں بتاتا

ہوں، تحصیل نکیال کشمیر کے اندر جو مَیں نے دیکھا جو مَیں نے پَرکھا، وہ یہ ہے کہ **دعوتِ اسلامی** تمہیں **اَللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کے اَحکام کی طرف بُلانے کا ایک ذریعہ ہے، **دعوتِ اسلامی** تمہیں نبی پاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتوں کا پیکر بنانا چاہتی ہے، **دعوتِ اسلامی** تمہارے چہرے پرداڑھی دیکھنا چاہتی ہے، **دعوتِ اسلامی** تمہارے دِماغ کو رسُول اللہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا سودائی دیکھنا چاہتی ہے، **دعوتِ اسلامی** تمہارے دِل کو محبت رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا محور دیکھنا چاہتی ہے، **دعوتِ اسلامی** چاہتی ہے کہ سَر سے مسجد آباد رہے اور یادِ مدینہ سے دِل آباد رہے، **دعوتِ اسلامی** تمہاری مسجدوں کو آباد دیکھنا چاہتی ہے، **دعوتِ اسلامی** کا مِشن ہے کہ شادی ہو یا غمی، پیدائش ہو یا عقیقہ، اِن تمام کاموں میں غیر شرعی رسومات کو ترک کر کے **اَللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اور اُس کے رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا ذِکر کیا جائے اور ان کے اَحکامات کے مطابق ان اُمور کو سرانجام دیا جائے۔

**قارئین کرام! دعوتِ اسلامی کیا ہے؟ دعوتِ اسلامی** اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَر یعنی نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے کا نام ہے، **دعوتِ اسلامی** اچھائی کی طرف بُلاتی ہے، بُرائی سے روکتی ہے۔ اب آپ خود فیصلہ

کریں کہ **دعوتِ اسلامی** کا مشن اِسلامی ہے یا غیر اِسلامی؟ اگر اِسلامی ہے تو اِن کے ساتھ تعاون کریں۔ یہ مَیں نہیں کہتا بلکہ ربّ عَزَّوَجَلَّ قرآن پاک میں حکم دیتا ہے: { **وَتَعَاوَنُوۡا عَلَی الۡبِرِّ وَالتَّقۡوٰی** ۪ (پ٦ المائدة ٢) **ترجمۂ کنزالایمان**: اور نیکی اور بھلائی کے کاموں میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرو } میڈیا کے ذریعے تبلیغ اِسلام کا کام وقت کی اہم ضرورت تھی۔ جسے **مَدَنی چینل** نے پورا کر دیا ہے۔ اِسی چینل پر آ کر کافی تعداد میں کافروں کے اِسلام قبول کرنے کی مُصدَّقہ خبریں موصول ہوئی ہیں، **اللہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو لازوال عروج عطا فرمائے اور تبلیغِ اسلام کا بہترین ذریعہ بنائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی علٰی مُحَمَّد

## (261) حضرت مولانا محمد طاہر عباس مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعۃ الکرم، گلستان جوہر، باب المدینہ کراچی)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا ابلاغِ قرآن وسُنَّت کے فروغ کے لیے **مَدَنی چینل** کا مؤثر اقدام قابلِ صد تحسین وتبریک ہے۔ مَاشَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی عالم

اسلام میں پذیرائی ہوئی کہ دینِ محمدی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے پیغامِ ذِیشان کو بیک وقت کئی ممالک میں دیکھنے، سُننے کا اِنتظام واِنصرام ہوا۔ اللّٰہ رَبُّ العِزّۃ کی بارگاہ میں التجاء وفریاد ہے کہ مالکِ قدُّوس عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** پر ہمیں اس عظیم مقصد میں کامیابیوں سے ہمکنار فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (262) حضرت مولانا ابوجنید احمد بخش تو گیروی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(الجامعۃ المعینیہ التوکیرویہ للبنات، نئی آبادی نزد فیض آباد سوہان، اسلام آباد، پاکستان)

**مَدَنی چینل** عین جدید تقاضوں کے مطابق مُستحسن عمل ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے ذریعے ہر گھر تک **اللّٰہ** جلَّ جلالہٗ ورسُول اللہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پیغام بحُسنِ خوبی پہُنچ پائے گا۔ سُنّتوں کی بہاریں آئیں گی، طاغوتی چینلز کا زور کم ہوگا۔ میری دُعا ہے کہ **اللّٰہ** ربّ العٰلمین بطفیلِ مصطفیٰ کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم **اَمیرِ دعوتِ اسلامی** کی اس مثبت کاوِش کو قبول فرمائے، اٰمین بجاہ النبی الکریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (263) حضرت مولانا محمد حنیف چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ چشتیہ رضویہ ضیاء القرآن، راہوالی، ضلع گوجرانوالہ، ڈویژنل ناظم جماعتِ اہلسنّت پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ عالمِ اسلام کی عظیم غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کی اسلامی خدمات کا کون مُعْتَرِف نہیں۔ ترقّی کی طرف ایک اور قدم **مَدَنی چینل** ایک عظیم کارنامہ ہے۔ اور اُمید ہے کہ اس عظیم کارنامہ سے علماء وعوام اہلسنّت اِسلام کے متعلق معلومات وافر حاصل کرسکیں گے اور مذہب حق اہلسنّت وجماعت کی خوب پہچان ہوگی اور اہلسنّت کامیابیوں کی طرف **دعوتِ اسلامی** کی خدمات سے گامزن ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (264) حضرت مولانا مفتی ابوالنصیر محمد سعید چشتی سیالوی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم جامعہ فاروقیہ، اڈہ گیمبر، ساہیوال روڈ، اوکاڑہ کینٹ، پاکستان)

**مَاشَاءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا فروغ اہلسنّت وجماعت کے لیے تحریری وتقریری میدان میں خاطر خواہ وقابلِ ذکر مساعیٔ جمیلہ کے ساتھ ساتھ اب میڈیا کے اہم ترین ذریعۂ ابلاغ ''T.V'' کو خالصتاً رِضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے لیے

شرعی حُدُود وقُیُود کے تحت **مَدَنی چینل** کے نام سے اَحکامِ الٰہی عَزَّوَجَلَّ و سُنَّتِ نبوی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی اشاعت کے لیے اِستعمال کرنا اِنتہائی پُرمَسرَّت اِقدام ہے۔ جس پر امیرِ اہلسنّت حضرت مولٰینا **محمد الیاس عطّار** قادری ضیائی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو ہم مُبارَک باد بھی پیش کرتے ہیں اور دُعا بھی کرتے ہیں کہ آپ حاسِدین کے حسد اور شریروں کے شَر سے **محفوظ** رہیں اور آپ کی دِلجوئی کے لیے یہ بھی کہتے ہیں: ﴿ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۳۹﴾ (پ ٤ ال عِمران ١٣٩) **ترجمۂ کنزالایمان**: تمہیں غالب آؤ گے اگر ایمان رکھتے ہو۔﴾

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (265) حضرت صاحبزادہ منیر احمد جان نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(درگاہ نور پور، سبی بلوچستان، پاکستان)

**فُحش** پروگراموں کے مقابلے میں دِینی اسلامی پروگرامز دیکھنا جائز ہے۔ چونکہ **دعوتِ اسلامی** نے کفار اور بے دینوں کے فُحش پروگراموں کے مقابلے میں اہلِ اِسلام کو شریعتِ مُطَھَّرہ کے احکام، دین کے فضائل ومسائل سِکھانے کے لئے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے جس میں عالمِ اسلام کے مسلمانوں کو، نماز،

روزہ، حج اور زکوٰۃ جیسی اہم عبادات سے باخبر رکھنے اور اسلامی احکامات پر عمل کی ترغیب پیدا کرنے کیلئے **مَدَنی چینل** کا اہتمام کیا ہے یہ بَہُت ہی اہم اور مُفید کام ہے۔ **مَدَنی چینل** میں قرآن پاک کی تلاوت، ترجَمہ تفسیر اور نعتِ رسُولِ مقبول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے سِلسلے بَہُت ہی عمدہ ہیں۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس اہم کام میں تمام اسلامی بھائیوں کو جو اس **مَدَنی چینل** کے اُمور کے لئے کوشاں ہیں جزائے خیر عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (266) حضرت مولانا محمد سعید شیخ نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بزمِ غلامانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، کچہری بازار، اوکاڑہ، پاکستان)

کیوں کہوں بے کس ہوں مَیں، کیوں کہوں بے بس ہوں مَیں
تم ہو مَیں تم پہ فِدا تم پہ کروڑوں دُرُود

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** از ابتدا تا وقتِ تحریر حضرت علامہ ابو بلال **محمد الیاس عطّار قادری** دامت فیوضھم کی مُخلِصانہ مساعیٔ عظیمہ دِینیہ سے، آپ کی اَنتھک وانمِٹ محبت رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے زیرِ سایہ ترقّی کی منازِل طے کرتی

کرتی آج میڈیا کی دوڑ میں بھی غلامانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی صحیح سمت رہنمائی کرنے کے لیے یوں میدان میں آ گئی ہے کہ **مَدَنی چینل** کے نام سے **دعوتِ اسلامی** نے ٹی وی نشریات کا آغاز فرمادیا ہے۔ لاریب دورِ حاضر میں اس کی اَشدترین ضرورت تھی جو **مَدَنی چینل** کی صورت میں پوری ہوئی **اللّٰہ** **کَرِیم** جَلَّ وَعَلا اس نادِر کوشش کو شرفِ قبولیت سے نوازے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (267) حضرت مولانا محمد قاسم سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جگر گوشہ بانی شمس العلوم جامعہ رضویہ، بلاک این، نارتھ ناظم آباد، کراچی)

**دعوتِ اسلامی** عالمگیر غیر سیاسی و مذہبی تحریک جو کہ صرف پاکستان ہی میں نہیں بلکہ دُنیا بھر میں عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی شمع روشن کیئے ہوئے ہے اور روز بروز ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ **اللّٰہ** ربُّ العِزّ ۃ اپنے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے اس کو مزید عروج عطا فرمائے، آمین۔

**دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** جو کہ کفر کے ایوانوں میں ایک زلزلہ سے کم نہیں اور فحاشی بے حیائی اور دوسری مُعاشرتی بُرائیوں کے سدِّ باب کے لیے

بہترین تبلیغی مِشن ہے۔ ہمارے بچوں اور نوجوان نسل کی بہترین تربیت کررہا ہے۔ اور جو وقت کارٹونوں یا دوسرے فحاشی کے پروگراموں میں صَرف ہورہا تھا وہ اب دِینی معلومات کے لیے صَرف ہورہا ہے۔ **اللّٰہ** ربُ العزّت سے دُعا ہے کہ اپنے حبیبِ لَبیب صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقہ وطفیل میں **دعوتِ اسلامی** کو مزید عُروج عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (268) حضرت مولانا لیاقت علی صدیقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ جامعہ لیاقتیہ صدیقیہ، چراغ کالونی شادباغ، مرکز الاولیاء لاہور)

**دعوتِ اسلامی** نے دُنیا میں اِحیاءِ اسلام کے لیے جو خدمات سَرانجام دِی اور دے رہی ہے اِس سے ہر سُنّی عالم کا سَر فخر سے بلند ہے۔ یہ جان کر بڑی خوشی ہوئی **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کردیا ہے یہ وقت کی اہم ضرورت تھی، **دعوتِ اسلامی** نے اس کو بھی پورا کردیا، **اللّٰہ** تعالیٰ حضرت امیرِ اہلسنّت علامہ **محمد الیاس قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کو صحتِ کاملہ عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (269) حضرت مولانا پروفیسر محمد اکرم رضا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(شعبہ تعلیمات اسلامیہ، گورنمنٹ کالج، گوجرانوالہ، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** بِحَمْدِ اللّٰہِ وَعَوْنِہٖ اپنی بلند پایہ کوششوں، گرانقدر کاوِشوں، اَنتھک محنتوں، بے مثال سرفروشیوں اور باکمال ریاضتوں کی بدولت اُمتِ مُسلِمہ سے بالعموم اور دیگر اقوام عالم سے بالخصوص جس خوبصورت بامقصد اور لائق صد تحسین انداز میں اپنا وجود تسلیم کروا چکی ہے اور جس جامعیت اور ہمہ گیریت کے ساتھ تعمیر شخصیت اور اِصلاح معاشرہ کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے۔ **مَدَنی چینل** اس انداز اور جامعیت کا ایک اِنتہائی اہم تقاضا تھا جو بحُسن وخوبی پورا ہوا۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کو مزید رِفعتوں سے سرفراز فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

## (270) حضرت مولانا عبدالرحمٰن قادری اشرفی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ تنظیم اَئمہ مساجد اہلسنّت وجماعت، اوکاڑہ، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت کی محبوب تحریک وتنظیم **دعوتِ اسلامی** کا جاری کردہ **مَدَنی چینل** عالَم اسلام کے لیے بالخصوص عقائد واعمال اور دِینی

مسائل کے لحاظ سے عملی دُنیا میں بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ خود حُضُور صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے مزید ترقیاں عطا فرمائے اور امیر اہلسنّت حضرت مولانا **محمد الیاس عطّار قادری** مُدَّظِلُّـہُ العَالِی کی تمام خدماتِ دینیہ بشمول اِجرائے **مَدَنی چینل** کو درجۂ قبولیت وشرف مَقبولیت عطا فرمائے اور اہلسنّت کی ناک **دعوتِ اسلامی** کو دِن دُونی رات چوگنی ترقیاں عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (271) حضرت مولانا فیضِ رسُول شمسی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جامعہ سعیدیہ کاظمیہ خورشید المدارس، ظاہر پیر، تحصیل خانپور، ضلع رحیم یار خان، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا وجود اہلسنّت کے لیے فضلِ خداوندی عَزَّوَجَلَّ ہے۔ حضرت صاحب (امیر اہلسنّت مولٰینا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ) محبّ العلم والعلماء اور اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَر یعنی نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے منع کرنے کے داعیٔ اشرف ہیں۔ آپ کی توجّہ و برکت سے **دعوتِ اسلامی** کو بے مثال شہرت حاصل ہوئی اور **مرکزی مجلس شوریٰ** کی **مَدَنی چینل** کے اِجراء کی کاوِش فحاشی وعُریانی کے بڑھتے ہوئے سیلاب کے لیے دیوار

اسکندریہ ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے دیکھنے سے گمراہ لوگوں کو ہدایت ملے گی۔ تمام مسلمانوں کو فحاشی والے چینلز دیکھنے کے بجائے **مَدَنی چینل** دیکھنا چاہیے تاکہ دِینِ اِسلام کی پہچان نصیب ہو۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ اپنے حبیب پاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے **دعوتِ اسلامی** کو مزید ترقیاں نصیب فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (272) حضرت مولانا مفتی محمد یٰسین الکریم نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی ومہتمم دارالعلوم عشرہ مبشرہ، جامع ہمدانیہ، ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ مخدوم ومحترم امیرِ اہلسنّت مولانا **محمد الیاس عطار قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی کی سوادِ اعظم اہلسنّت کی بہتری ومضبوطی کے لیے مختصر وقت میں کی گئی اَنْمِٹ مساعیٔ دینیہ اہلِ علم وبصیرت سے یقیناً ڈھکی چُھپی نہیں ہیں اور اب **مَدَنی چینل** کا اِجراء کرکے یقیناً اہلسنّت کی موجودہ وآئندہ نسلوں پر احسانِ عظیم فرمایا ہے۔ بلاشُبہ ایسے اِقدام کی میڈیا کے دوڑ میں اَشد ضرورت تھی اور بلا مُبالغہ یہ سعادت **دعوتِ اسلامی** کے حصّے میں آئی ہے۔ **اللّٰہ کَرِیم** عَزَّوَجَلَّ اس سلسلے

میں بَرَکت بھی عطا فرمائے اور تمام منتظمین **مَدَنی چینل** کو مزید اِخلاص و اِستِقامت کی نعمتِ عظمٰی سے نوازے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (273) حضرت مولانا محمد سلیم چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بمقام ڈوبیرن تحصیل کلرسیداں، ضلع راولپنڈی، پاکستان)

**بندۂ** گناہگار کی دِلی دُعا ہے **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے **محبوبِ کریم** صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کے **نعلین پاک** کے صدقے **دعوتِ اسلامی** کو دوپہر کا ایسا سورج بنائے جس پر نہ ظہر آئے نہ عَصر نہ ہی وہ سُورج غروب ہو۔ **دعوتِ اسلامی** کے **مدنی قافلے** محبوب خدا عَزَّوَجَلَّ کی سنتوں کوادا کرتے، سیکھتے سکھاتے دنیا کے کونے کونے میں پہُنچ جائیں۔ بندۂ ناچیز اس مرتبہ مدینۃ الاولیاء ملتان شریف سے غزالیٔ زماں احمد سعید **کاظمی شاہ** صاحب رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کی کیسٹ لایا، تقریر کا عنوان تھا ''**تبلیغِ اسلام**'' سننے کے بعد پتا چلا غزالیٔ زماں **دعوتِ اسلامی** کے اجتماع میں خطاب فرمارہے ہیں اور **دعوتِ اسلامی** کے لیے اور امیر اہلسنّت کے لیے خوب خوب دُعائیں فرمارہے ہیں۔ پیرانہ اور فقیرانہ آواز سے دِل دَھک دَھک کرکے یہ کہہ رہا تھا: غزالیٔ زماں رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کی دُعا قبول

ہو چکی ہے۔سینکڑوں عُلماء آج اِسے دِین اِسلام کی ضرورت سمجھتے ہیں۔مَیں تو یہ کہوں گا سب سے پہلے اُس اسلامی بھائی سے سوال کرنا چاہیے جو تازہ تازہ اسلام قبول کر کے گویا دوزخ سے نکل کر جنت میں داخل ہو گیا۔کیا **مَدَنی چینل** سے اِسلام کی اشاعت ہو گی یا نہیں؟ **مَدَنی چینل** ضروری ہے یا نہیں؟ جی تو چاہتا ہے **مَدَنی چینل** کی حمایت میں تأثرات لکھتا جاؤں عقلی ونقلی اعتراضات کے جوابات بھی لکھتا جاؤں لیکن دیگر دینی مصروفیات آڑے آرہی ہیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ میری اس مختصر تحریر کو میرے لیے بروزِ قیامت ذریعۂ نجات بنائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (274) حضرت مولانا حافظ فیض محمد فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامع مسجد خضر اللہ آباد، تحصیل لیاقت پور، ضلع رحیم یار خان، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** کی خدمات دِین کے لیے بہُت نمایاں ہیں لیکن **مَدَنی چینل** ان میں سے بہُت فائدہ مند ثابت ہو گا۔آپ کو بندہ کی طرف سے بہُت بہُت مبارک ہو۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (275) حضرت مولانا فیض احمد قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ غوثیہ طفیلیہ، گلفشاں سوسائٹی، ملیر ہالٹ، باب المدینہ کراچی)

**اِس** پُرفتن دور میں جب کہ چہار طرف سے عالَمِ کُفر نے مسلمانوں کو گمراہ کرنے، بداَخلاق کرنے، دورِ جاہلیت کی تہذیب میں مبتلا کرنے اور افکارِ فاسدہ مسلمانوں میں پھیلانے کے لیے اپنے ٹی وی چینلز کے ذریعے بھرپور یلغار کر رکھی ہے۔ ٹی وی چینلز مسلمانوں کو بے راہ روی کا شکار کرنے میں پیش پیش اور عالِمِ کفر کی رَوِش کو اپنائے ہوئے ہیں۔ ضرورت تھی کہ ایسا ٹی وی چینل بھی ہو جو ٹھوس اسلامی تعلیمات کی نشر و اِشاعت کرے، حُضُور نبی کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سِیرت پاک کو اپنانے کی دعوت دے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل** نے وہ ضرورت پوری کردی۔ **مَدَنی چینل** کا اِجراء **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا بَہُت بڑا فضل ہے اور یہ خوش آئند ہے۔ **اللہ** تبارک وتعالیٰ عَزَّوَجَلَّ ملک پاکستان کے حُکمرانوں کو اس چینل کے مستقل طور پر جاری کرنے اور مزید وسیع پیمانے پر تبلیغِ دین پھیلانے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (276) حضرت مولانا حضور بخش فخری چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس وخطیب جامعہ محمد یہ فریدیہ انوارالاسلام، لودھراں، پنجاب، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کے قیام پر بَہُت خوشی ہوئی، اس سے اِسلام کی اشاعت بہتر ہوگی، وقت کے تقاضوں کے مطابق بَہُت فائدہ ہوگا، وعظ ونصیحت کے لیے مؤثر ہوگا، بُرائی سے بچنے اور اعمالِ صالحہ کرنے کا ذریعہ بنے گا، شریعت مُطَہَّرہ کی مَعرِفت وعمل کرنے کا ذوق بڑھے گا۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ عملِ صالح کرنے کی توفیق عطا فرمائے، امیرِ اہلِ سُنَّت کی زِندگی دراز فرمائے اور زیادہ سے زیادہ دینِ متین کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (277) حضرت مولانا ممتاز احمد فریدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(امام وخطیب جامعہ مسجد غوثیہ، چشتیاں، ضلع بہاولنگر، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** عالمگیر غیر سیاسی تحریک اہلسنّت و جماعت کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا چلنا اُمتِ مُسلِمہ کے لیے بَہُت مُفید ثابت ہوا ہے جو قرآن وحدیث کی حُدُود کی پاسداری کرتے ہوئے فریضۂ

تبلیغ انجام دے رہا ہے۔ مَیں نے دو تین مقام پر دیکھا ہے کہ عوام وخواص اکٹھے بیٹھے ہوئے **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر، درسِ قرآن اور درسِ حدیث سن کر اپنی اصلاح کررہے ہیں، عورتیں گھروں میں بیٹھ کر فلمیں دیکھنے کی بجائے **مَدَنی چینل** پر مُبلِّغین کا وعظ سن کر اپنی اصلاح کررہی ہیں اور اپنے بچوں کو گانے یاد کروانے کی بجائے نعت شریف کی ترغیب دے رہی ہیں۔ **اللّٰہ تبارَکَ وَتعالٰی** اس چینل کو سلامت رکھے۔ گورنمنٹ آف پاکستان اس چینل کو ہمیشہ کے لیے اجازت دے تو اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ جرائم ملک سے خود بخود ختم ہو جائیں گے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (278) حضرت مولانا محمد رفیق نعمانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دارالعلوم جامعہ نعمانیہ، تحصیل وضلع لودھراں، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِبلاغ وتبلیغ درس، تدریس تالیف وتصنیف میں **دعوتِ اسلامی** جو نُمایاں خدمات سَر انجام دے رہی ہے اس سے عوام میں اسلامی سوچ بیدار ہورہی ہے، ذِہنوں میں ذِکر وفکر پیدا ہورہا ہے، اِسلامی طرزِ عمل کو اپنایا جارہا ہے۔ غیر اسلامی معاشرہ اور فحاشی، عُریانی، بے حیائی اور بے راہ روی کی یلغار کے بالمقابل ہر

طرح سے اِشاعتِ دین متعین کرنا وقت کا اہم تقاضا ہے کیونکہ میڈیا کے ذریعے جب گھر گھر بُرائی پہنچائی اور سِکھائی جارہی ہے تو اس کا دِفاع اہم وضروری ہے۔ لٰہذا **مَدَنی چینل** سے ہر فرد تک محبتِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی دعوت، شانِ رِسالت کی اشاعت، اِسلامی طرزِ عمل کی برکت، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے فرائض کی اہمیت، سُنَّت رسُول مقبول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نُورانیت اور ذِکر اللہ وذِکرِ رسُول عَزَّوَجَلَّ و صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم جو کہ روح کی غذا ہے، سے رُوحانیت پیدا ہوگی اور جس میں عبادت کے طریقے دِکھائے اور سِکھائے جاتے ہیں، حقوق العباد بتائے جاتے ہیں۔ لٰہذا فقیر دُعا گو ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنے حبیبِ لبیب حضرت محمد صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وسیلۂ جلیلہ سے کامیاب فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحَمَّد

## (279) حضرت مولانا سید محمد قادری مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی

(خطیبِ اعظم جامع مسجد غوثیہ، فتح پور تھکیالہ نکیال، کشمیر)

**نکیال** فتح پور تھکیالہ کشمیر میں **دعوتِ اسلامی** کا کام 1997ء میں ہماری جامع غوثیہ مسجد میں **مدنی قافلوں** کی برکت سے شروع ہوا۔ پھر دیکھتے ہی دیکھتے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تقریباً پورے فتح پور تھکیالہ میں پھیلتا ہی جارہا ہے۔مَیں کافی عرصہ سے **دعوتِ اسلامی** کے پروگراموں میں جاتا ہوں بلکہ بین الاقوامی اِجتماع میں جا کر **دعوتِ اسلامی** کے کام کو دیکھا تو دِل باغ باغ ہوا۔ تعداد مدینہ مدینہ، اِنتظام مدینہ مدینہ، مجالس کا قیام مدینہ مدینہ، مکاتِب کا کام مدینہ مدینہ، بلکہ وہاں کا کیا کہنا بس ہر طرف فیضان مدینہ۔ حال ہی میں **دعوتِ اسلامی** کے اِشاعتی ادارہ مکتبۃ المدینہ کی کتابیں ''**جدّ الممتار**'' اور ''**بہارِ شریعت**'' دیکھی دِل بہُت خوش ہوا۔مَیں اکثر بیانات میں کہتا ہوں کہ یہ **حضرت علامہ مولٰینا الحاج محمد الیاس عطّارؔ قادری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے اوپن یونیورسٹیاں کھول دی ہیں۔ بوڑھا، نوجوان ہر ایک علمِ دِین آسانی سے حاصل کر سکتا ہے۔کبھی درسوں کی صورت میں، کبھی ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماعات کی صُورت میں، کبھی علاقوں میں **نیکی کی دعوت** کی صورت میں، کبھی **مدنی قافلوں** کی صورت میں، کبھی حلقوں کے اندر اِجتماعات CD یا VCD کی صُورت میں، تو کبھی بازار میں جگہ بہ جگہ درس دینے کی صورت میں، کبھی **المدینہ لائبریری** (اور نکیال میں جامع غوثیہ مسجد کے سامنے تقریباً پونے تین سو نوجوان کُتُب لے کر جاتے اور پڑھتے ہیں) جگہ بہ جگہ کی صورت میں اور میلاد النبی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے دِنوں میں تو ہر طرف ایک بَہار کی صورت میں۔

یقین کریں واقعی یہ بَہُت بڑا کام ہے مسلکِ حق اہلسنّت کا، اِسی لیے میں کہتا ہوں:

اَللّٰہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں
اے دعوتِ اسلامی تری دُھوم مچی ہو

اور باقی رہی سہی کسر **مَدَنی چینل** نے پوری کردی۔ جگہ بہ جگہ T.V. پر آ کر ٹی وی کے خلاف جہاد سُبْحٰنَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ، دھڑا دھڑ کفار کا اِسلام قبول کرنا، بندہ اب گھر والوں کے ساتھ بیٹھ کر اہل خانہ و بچوں کا اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کیلئے ذِہن آسانی کے ساتھ بنا سکتا ہے اور بِالخصوص 66 ممالک کے اندر دین اِسلام کا کام آسانی سے ہوگا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (280) حضرت مولانا قاری فیض الرسُول قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ شیخ القرآن محمدیہ غوثیہ، شہباز پارک، دیپالپور روڈ بریلی چک نمبر 53/22، ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

نبّاضِ ملت، پیکرِ علم و حکمت، قبلہ امیرِ اہلسنّت حضرت **محمد الیاس عطّار قادری** حِفْظُہُ اللّٰہ تعالٰی کو جتنی بھی دَاد دی جائے کم ہے کہ آپ نے میڈیا کے غلط استعمال سے بڑھتی ہوئی بے دِینی و بدعملی کی نُحُوستوں کے سیلابِ عظیم کے سامنے بندِ

عظیم باندھنے کے لیے اور قوم میں اسلامی شُعُور بیدار کرنے کے لیے **مَدَنی چینل** کا قِیام باہتمام فرمایا۔ اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهْيٌ عَنِ الْمُنْکَر یعنی نیکی کی دعوت اور بُرائی سے منع کرنے کا بہترین ذریعہ ہونے کے ناطے اس دینی و **مَدَنی چینل** کی واقعۃً ہمارے مُعاشرے کو اَشد ترین ضرورت تھی۔ **اللہ** کریم عَزَّوَجَلَّ ہمیں اس کی قدر کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور قبلہ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے فیضانِ **مَدَنی چینل** کو تمام تر رعنائیوں سَمیت جاری وساری رکھے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (281) حضرت مولانا غلام یٰسین گولڑوی مُدَّظِلُّهُ العَالِي

(مہتمم مدرسہ حنفیہ خیر المعاد، بھینس کالونی روڈ، لانڈھی، باب المدینہ کراچی)

**مَدَنی چینل** کے اِجراء کی خبر سُن کر بہُت خوشی ہوئی **مَدَنی چینل** کے اِجراء پر مَیں امیر اہلسنّت حضرت علامہ **محمد الیاس عطّار قادری** زِیدَ مَجدُہٗ اور **مرکزی مجلس شوریٰ** کو مُبارک باد پیش کرتا ہوں اور **دعوتِ اسلامی** کی بے شمار خدمات ہیں میڈیا کے بغیر بھی **دعوتِ اسلامی** کی بدولت لاکھوں اِنسانوں نے اپنی اِصلاح کی اور کر رہے ہیں۔ لیکن آج کا دور میڈیا کا دور ہے، اہلسنّت میڈیا کے حوالے سے دیگر

باطِل قوتوں کے مقابلے میں بہُت ہی کمزور ہے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے اِجراء سے اہلسنّت کے مسلک کو بہُت تقویت حاصل ہوگی۔**مَدَنی چینل** پر اہلسنّت کے عقائد کو مُدلّل طریقے سے پیش کیا جائے تاکہ عوام اہلسنّت اس کے فیوض وبرکات سے مالا مال ہوں۔آخر میں دُعا کرتا ہوں کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ امیر اہلسنّت **حضرت مولانا الیاس عطّار قادری صاحب** دامت برکاتھم العالیہ اور دیگر عُلماءِ اہلسنّت اور مشائخ اہلسنّت کی عمروں کو دراز فرمائے،آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (282) حضرت مولانا محمد حسین حیدر مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ الکلیۃ الغوثیہ للبنات، بدر کالونی پتوکی، ضلع قصور، پاکستان)

**مَدِیـنَۃُ الاولیاء** ملتان شریف میں سالانہ اِجتماع کی کامیابی اور **مَدَنی چینل** کے آغاز کی مبارک قبول فرمائیں۔**دعوتِ اسلامی** نے حضرت امیر جماعت، حضرۃ العلاّم ، پیرِ طریقت ، رہبرِ شریعت، مُبلّغِ اسلام حضرت علامہ **محمد الیاس قادری** زید مجدہٗ کی قیادت میں نہایت ہی اعلیٰ اور عُمدہ بے مثال عمل شروع کیا ہے اور درحقیقت مسلکِ حقّہ اہلسنّت و جماعت کی خدمت کا عظیم بیڑا اُٹھایا ہے اور

لوگوں کو **مَدَنی چینل** کے ذریعہ سے دِینی مسائل اور تاجدارِ مدینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سچّی محبت اور سنّتوں کا درس شروع فرما کر ہدایت کا راستہ دِکھانے کا ایک عظیم سِلسلہ شروع فرمایا ہے اور ایک اہم ضرورت کو پورا فرمایا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں مصطفےٰ کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے واسطے سے دُعا ہے کہ ہمارے سَروں پر امیرِ جماعت (یعنی امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ) کا سایہ قائم و دائم رکھے اور معاونین و خادمین کی کوششوں کو قبول فرمائے اور **مَدَنی چینل** کی فیوض وبرکات جاری رکھے، آمین ثُمَّ آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (283) حضرت مولانا نیاز احمد فیضی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامع مسجد جیلانی، چشتیاں، ضلع بہاولنگر، پاکستان)

اَحقرُ العِباد نے جب **مَدَنی چینل** کے اِجراء کی خبر سُنی تو اِنتہائی دِلی مُسرَّت ہوئی۔ دیگر چینلز کے ذریعے زمانۂ جاہلیت سے بڑھ کر اَخلاق کی دَھجیاں اُڑائی جارہی ہیں اور نسلِ نو کو میڈیا کے ذریعے اَخلاقِ بد اور اَفکارِ فاسدہ میں جکڑا جارہا ہے۔ اِنتہائی ضرورت تھی کہ ایک ایسا چینل ہو جس پر اُمّتِ مُسلِمہ کی اخلاقی، اِصلاحی

اور فکری تربیت کی جائے اور صحیح معنوں میں آقائے کونین صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پیغام پہنچایا جاسکے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن **دعوتِ اسلامی** کے امیر، امیرِ اَہلسنّت حضرت مولیٰنا پیرِ طریقت **محمد الیاس قادری** مُدَّظِلُّہٗ اور آپ کے تربیت یافتہ مُبلِّغین نے اس عظیم ضرورت کو پورا کردیا ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت اور **مَدَنی چینل** کے اِجراء کے معاونین کو جزائے خیر عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (284) صاحبزادہ حضرت مولانا محمد شاہد عارف نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد اُونچی، اعظم کلاتھ مارکیٹ، مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان)

**آج کل** مختلف T.V چینلز کے ذریعے فحاشی اور عُریانی کی ترغیب دی جا رہی ہے جو نئی نسل کے بگاڑ کا سَبَب ہے اور اسے دِین سے دُور لے جارہی ہے۔ ایک ایسے چینل کی ضرورت تھی جو نئی نسل کو ہدایت اور دینِ اِسلام کی طرف مائل کرسکے۔ یقیناً **مَدَنی چینل** اس کمی کو پورا کرنے کے لیے میدان میں اُترا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (285) حضرت مولانا کریم بخش چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد سٹی لیاقت پور، ضلع رحیم یار خان، پاکستان)

**بندۂ عاجز** آپ کے **مَدَنی چینل** سے بَہُت فرحاں وشاداں ہے۔ اس کی کوشش رہتی ہے کہ **دعوتِ اسلامی** کے سالانہ اجتماع میں حتَّی المقدور شرکت کی جائے۔ بانیٔ **دعوتِ اسلامی امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ کو **اللہ** تعالیٰ طویل عمر عطا فرمائے تاکہ دین کے چراغ جلتے رہیں۔ فقیر کی ہمدردیاں **دعوتِ اسلامی** سے رہی ہیں اِس جدید دور میں اس کی اَشد ضرورت تھی جو کہ **دعوتِ اسلامی** کی مساعیٔ جمیلہ سے پایۂ تکمیل کو پہنچی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (286) حضرت مولانا غلام مرتضٰی ساقی مجددی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مرکزی جامع مسجد شہیدیہ، قلعہ دیدارِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم، گوجرانوالہ، پاکستان)

**حق وباطل** ہمیشہ بَرسرِ پیکار رہے ہیں۔ اگر باطِل شکلیں بدل کر آتا ہے تو حق ہر صورت میں اس کو دباتا اور اس کا قلع قمع کرتا ہے۔ **دعوتِ اسلامی** حق وصداقت کی علمبردار ہے۔ پرنٹ میڈیا میں وقیع خدمات کے ساتھ ساتھ الیکٹرانِک میڈیا کی

طرف پیش قدمی بہُت مؤثر اور نتیجہ خیز ثابت ہوگی۔ **مَدنی چینل** کے اس اِقدام سے وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کیا گیا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ ثابت قدمی مرحمت فرمائے اور فتوحات و برکات کے دروازے کھول دے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (287) حضرت مولانا محمد رمضان صابری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(جامعہ کنز العلوم عربیہ اِسلامیہ، بستی لودھراں خیر پور سادات، تحصیل علی پور، ضلع مظفر گڑھ، پاکستان)

یہ تو اظہر من الشّمس ہے کہ حق و باطل کی لڑائی ابتدا سے آ رہی ہے **مگر حق** کا ہمیشہ بول بالا رہا ہے۔ یقیناً اہلسنّت و جماعت کے لیے **دعوتِ اِسلامی** کا وجود نعمت عُظمٰی ہے اور اس کا کردار باوقار ہے۔ نیز اشاعت دین اور اِصلاحِ عمل کے لیے **مَدَنی چینل** بہترین ذریعہ ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (288) حضرت مولانا قاری نسیم باروی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد یارسول اللہ، چک نمبر 275 ج۔ب، پینسرہ، سردار آباد (فیصل آباد)، پاکستان)

**اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ جزائے خیر عطا فرمائے، جناب امیر اہلسنّت بانیٔ دعوتِ

اسلامی حضرت مولانا **محمد الیاس عطّارقادری** دامت فیوضہم کو جنہوں نے **دعوتِ اسلامی** کو تحریک ہی نہیں بلکہ ایک تنظیم سے مزین وآراستہ فرمایا اور اس نیٹ ورک کو 27 سال کے مختصر عرصے میں 66 سے زائد ممالک تک پہنچایا، جس کے تقریباً 36 سے زائد شعبہ جات سے مختلف میوے اپنے رنگوں اور ذائقوں سے اُمتِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو مُستَفِید کررہے ہیں اور اب **مَدَنی چینل** کے نام سے خالص مذہبی و دِینی نشریات کے حامل وعلمبردار ٹی وی چینل کا اِجراء امیر اہلسنّت اور **دعوتِ اسلامی** کا ایک منظّم کارنامہ ہے اور اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نئی نسل کو راہِ راست پر لانے کیلئے معاوِن ثابت ہوگا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (289) حضرت مولانا سید نصیر اللہ شاہ کاظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرسہ عربیہ کنز العلوم، الرحمٰن ٹاؤن نزد ڈیننگی والا چوک، گورنمنٹ کالونی، اوکاڑہ، پاکستان)

**وہ شخصیّت جس نے آج کے گئے گزرے دور میں مسلمانوں بالخصوص** نوجوانوں میں سچّے دین کی سچی لگن پیدا کرکے جامِ عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے سرشار فرمادیا اور اُس وقت کشتیٔ اُمّت کو تبلیغی وتحریری سہارا دیا۔ جس وقت ہر

جانب سے بے دینی و بے عملی اور بد عملی کی بھپری موجوں نے اس کشتی کو اپنے گھیرے میں لے لیا تھا اور صاحبانِ بصر وبصیرت متفکر و مغموم تھے۔

**اللہ** عَزَّوَجَلَّ جانے، کس دِل کی تڑپتی ہوئی بے قرار صدا نے بارگاہِ ایزدی جَلَّ جلالہٗ میں شرف قبولیت پایا اور قرآن وسُنَّت کے داعی صِدق و اِخلاص کی پیکر شخصیت اَمیرِ اہلسنّت **حضرت مولٰینا الحاج محمد الیاس قادری** دامت برکاتہم العالیہ نے شرعی احتیاطوں کے پابند رہتے ہوئے اس اُمّت مرحومہ (وہ اُمت جس پر اللہ کی رحمت ہو) کو **مَدَنی چینل** کا تحفہ عطا فرمایا۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس خالِص دِینی و مذہبی سلسلے سے مسلمانانِ عالم کے ساتھ ساتھ غیر مسلم و غیر مذہب بھی مُستَفِید و مُستَفِیض و مُستنیر ہورہے ہیں اور ہوتے رہیں گے۔

**اللّٰہ** جل مجدہٗ الکریم کی بارگاہِ بے نیاز میں اِنتہائی عاجزی سے ہم **دعوتِ اسلامی** کے تمام شعبۂ جات کے لیے بالعموم اور **مَدَنی چینل** کے لیے بالخصوص بہتریوں اور بہاروں کے لئے دُعا گو ہیں۔ مولا تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت مُدَّظِلُّہُ العَالِی اور آپ کے رُفَقاء کی مساعیٔ جمیلہ کو قبول فرما کر اپنی بارگاہ سے اجرِ عظیم مرحمت فرمائے، انہوں نے **مَدَنی چینل** کے موجد بن کر ''خَیرُ النَّاسِ مَنْ

یَنْفَعُ النَّاس (کَنزُالعُمَّال ج١٦ ص٥٣ حدیث٤٤١٤٧ دار الکتب العلمیة بیروت) یعنی لوگوں میں سے بہتر وہ ہے جو دوسروں کو نفع پہنچائے۔'' کی بشارت سے خود کو مشرف کرلیا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (290) حضرت مولانا محمد شہباز ظفر مدنی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس شعبہ درسِ نظامی جامعہ رضویہ مظہر العلوم، فورٹ عباس، ضلع بہاولنگر، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰه عَلٰی اِحْسَانِهٖ وَمَنِّهٖ وَکَرَمِهٖ **مَدَنی چینل** اپنی بہارِیں لُٹا رہا ہے اور **دعوتِ اسلامی** کے پیغام کو گھر گھر پہنچا رہا ہے، ہمارے **مدنی مرکز** کا اس حوالے سے یہ ایک بہتر اِقدام ہے اور اس کی بے حد ضرورت بھی تھی کہ جب غیر اپنا مُلَمَّع سازی کیا ہوا پیغام لوگوں کے گھروں میں اس ٹی وی کے ذریعے گھسا رہے تھے تو اس بات کی ضرورت تھی کہ حق کا بھی سب تک اَصلی رُوپ پہُنچے ۔ بالجملہ **مَدَنی چینل** وقت کی ضرورت، قوم کی پکار اور دِلوں کی دھڑکن ہے۔ **اللّٰه** عَزَّوَجَلَّ اس کو دوام واِستحکام عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

**مجھے مدنی چینل سے پیار ہے۔**